بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اوراد و وظائف

## سلسلہ اویسیہ کمالیہ

بانی

حضرت فقیر پروفیسر باغ حسین کمال رحمۃ اللہ علیہ

## فہرست


| نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1۔ | ذکرِ خفی قلبی | 3 |
| 2۔ | تلاوت قرآنِ پاک | 5 |
| 3۔ | درود شریف | 6 |
| 4۔ | مُخَمَّساتِ عشر | 7 |
| 5۔ | تسبیحات | 9 |
| 6۔ | رزق میں کُشادگی کیلئے | 10 |

## فہرست


| | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 7۔ | ☐ | دُنیاوی کامیابی اور پریشانیوں کیلئے | 10 |
| 8۔ | ☐ | حصولِ اولاد کیلئے | 10 |
| 9۔ | ☐ | خیر و برکت، شر اور جادو سے بچنے کیلئے | 10 |
| 10۔ | ☐ | ختمِ خواجگان | 11 |
| 11۔ | ☐ | استخارہ کا طریقہ | 11 |
| 12۔ | ☐ | سِلسلہ اویسیہ کمالیہ | 12 |

## (1) ذکرِ خفی قلبی

ذکر شروع کرنے سے پہلے۔۔۔قبلہ رُو ہو کر، اندھیرے یا کم روشنی میں مکمل یکسوئی سے بیٹھ جائیں۔آنکھیں بند کر لیں، نفسانی خواہشات کو دِل سے نکالنے اور حواس کو مُعطل کرنے کی کوشش کریں۔نیّت یہ ہو کہ دِل سے گناہوں کا زنگ اُتر جائے، غفلت دُور ہو اور اس میں اللہ کی محبت پیدا ہو جائے۔۔۔ اور

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ o

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۝

اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ۝

پڑھ کر تصور کریں کہ دِل ایک شیشے کی مانند ہے جس پر لفظ "اللہ" سرخ یا سنہری رنگ میں لکھا ہے۔اِسے خیال کے ساتھ پڑھتے ہوئے "اَلْ" اٹھائیں اور "لَـــہ" کی ضرب واپس دِل پر لگائیں ۔۔۔اس طرح دِل ہی دِل میں اللہ اللہ کرتے رہیں ۔۔۔اس ذکر کو "کم و بیش" دس منٹ کیلئے نمازِ فجر اورمغرب کے بعد معمول بنالیں۔

## (2) تلاوتِ قرآنِ پاک

روزانہ کم از کم ایک رکوع ترجمہ کے ساتھ پڑھنا معمول بنالیں۔

تاکہ قرآنِ عظیم کو سمجھنے، اس پر عمل کرنے اور اس کی دائمی برکات سے استفادہ کرنے میں آسانی پیدا ہو جائے۔

## (3) درود شریف

حضور ﷺ کے انتہائی پسندیدہ مندرجہ ذیل درود شریف کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

" اے میرے پیارے اللہ جل جلالہ محمد ﷺ نبی اُمّی (مکّی) پر اور اُن کی آل اور اصحاب پر صلوٰۃ وسلام اور برکتوں (کے پھول) نچھاور فرما"

## (4) مُخَمَّساتِ عَشَر

یعنی صبح وشام پانچ پانچ بار پڑھی جانے والی دس چیزوں کا وظیفہ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:۔

(۱) ۔ سورۃ الفاتحہ
(۲) ۔ سورۃ الکوثر
(۳) ۔ سورۃ الاخلاص
(۴) ۔ سورۃ الفلق
(۵) ۔ سورۃ النّاس
(۶) ۔ کلمہ طیّبہ

( لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم )

(۷) کلمہ تمجید ( سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَاللّٰہُ اَکْبَرُؕ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِؕ )

(۸) استغفار ( اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ)

(۹) رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ

(۱۰) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ.

## (5) تسبیحات

درج ذیل تسبیحات روزانہ صبح وشام سوسو دفعہ پڑھیں (قِلّتِ وقت کی صورت میں دس دس بار بھی پڑھ سکتے ہیں)۔

(۱) بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ (۲) کلمہ طیّبہ

(۳) کلمہ تمجید (۴) استغفار

علاوہ ازیں آگے بیان ہونے والی پہلی تین تسبیحات حسبِ ضرورت صبح وشام سوسو دفعہ پڑھیں اور اوّل آخر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

(6) رزق میں کُشادگی کیلئے۔۔۔

یَا اَللّٰہُ یَابَاسِطُ یَارَزَّا قُ

(7) جائز دُنیاوی کاموں میں کامیابی اور دیگر پریشانیوں کیلئے۔۔۔

یَا اللّٰہُ یَا حَسِیْبُ یَا وَکِیْلُ

(8) حصولِ اولاد کیلئے۔۔۔

یَا اللّٰہُ یَاخَالِقُ یَا وَارِثُ

(9) خیروبرکت، شراور جادو سے بچنے کیلئے چاروں قل پڑھ کر دَم کرلیں۔

سورۃ الکافرون سورۃ اخلاص سورۃ الفلق سورۃ النّاس

## (10) ختمِ خواجگان کے لئے۔۔۔

سورۃ الفاتحہ، سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص تین تین بار۔۔۔

پہلا کلمہ، تیسرا کلمہ، استغفار پانچ پانچ بار۔۔۔

باقی وقت درود شریف پڑھ کر حسبِ منشاء ایصالِ ثواب کر دیں۔

## (11) استخارہ کے لئے۔۔۔

اوّل آخر دس مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے اور بیچ میں 19 مرتبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم، اھدنا الصراط المستقیم

پڑھ کر سینے پر ہاتھ پھیر کر سو جائیں۔ انشاءاللہ خبر مِل جائے گی۔

## (12) سِلسلہ اویسیہ کمالیہ

یوں تو اویسی طریقہ پر بہت سے مشائخ نے بالعموم حضرت جی رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی نسبت و سند سے نوازہ مگر دربارِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اُنھیں بالخصوص حسبِ ذیل سلسلہ عطا فرمایا گیا:۔

1. الٰہی! بصدقہ ءِ سرورِکونین حضرت مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
2. الٰہی! بصدقہ ءِ سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

3. الٰہی! بصدقہِ سیّدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

4. الٰہی! بصدقہِ سیّدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

5. الٰہی! بصدقہِ سیّدنا حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ

6. الٰہی! بصدقہِ سیّدنا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

7. الٰہی! بصدقہِ سیّدنا حضرت امام حُسین رضی اللہ عنہ

8. الٰہی! بصدقہِ حضرت امام اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ

9. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ

10. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ

11. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ ابواسحٰق شامی چشتی رحمۃ اللہ علیہ

12. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

13. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ ابونجیب سہروردی رحمۃ اللہ علیہ

14. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ شہاب الدّین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ

15. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ نجم الدّین کُبریٰ رحمۃُ اللہ علیہ
16. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ احمد کبیر رفاعی رحمۃُ اللہ علیہ
17. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ ابو الحسن شاذلی رحمۃُ اللہ علیہ
18. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ جلال الدّین رومی رحمۃُ اللہ علیہ
19. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ بہاؤالدّین نقشبند رحمۃُ اللہ علیہ
20. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ خان محمد رحمۃُ اللہ علیہ

21. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ حاجی احمد ہیلانی رحمۃ اللہ علیہ

22. الٰہی! بصدقہ ءِ حضرت شیخ اللہ یار خان رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی! بصدقہ ءِ ختمِ خواجگان وبفیض حضرت باغ حسین کمالؔ رحمۃ اللہ علیہ اپنا فضل ورحمت شاملِ حال فرما۔ (کسی پریشانی ومصیبت میں سحری کے ذکر کے بعد سلسلہ پڑھ کر یکسوئی قلب کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے ، انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی)۔

**نوٹ:** اس کتابچہ میں مذکور تمام اوراد و وظائف پڑھنے کی ہر کسی کو اجازت ہے۔
متوسّلین کو تلقین کی جاتی ہے کہ ذکر خفی قلبی کم از کم دس منٹ صبح و شام۔۔۔ بسم اللہ شریف، پہلا کلمہ، تیسرا کلمہ اور استغفار سو سو بار صبح و شام۔۔۔ وظیفہ مخمسات عشر صبح و شام۔۔۔ تلاوتِ قرآن پاک روزانہ کم از کم ایک رکوع ترجمہ کے ساتھ اور اس کے علاوہ اپنی تمام تر ہمت و وقت صرف درود شریف کے لئے وقف رکھیں اور سال میں آخری عشرہ رمضان، لیلۃ القدر، شبِ برات، شبِ میلاد النبی ﷺ اور شبِ معراج کو جاگ کر زیادہ سے زیادہ درود شریف کا نذرانہ حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کریں۔

# صلائے عام

"دار الفیضان" (پنوال، چکوال) میں ہر اتوار دن ایک تا دو بجے محفل ذکر خفی قلبی منعقد ہوتی ہے۔ جبکہ سالانہ اجتماع مارچ کے چوتھے اتوار کو منعقد ہوتا ہے۔

سب کو شمولیت کے لئے دعوتِ عام ہے۔

مزار مبارک محبوبِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، عارفِ وقت حضرت فقیر پروفیسر باغ حسین کمال رحمۃ اللہ علیہ



ملنے کا پتہ

خادمِ دارالفیضان صاحبزادہ حضرت

قاضی مرادِ کمال مدظلہ العالی

"دارلفیضان" پنوال شریف (براستہ تحصیل چوک) چکوال

موبائل: 0300-9733482